# اطلاع برائے 63 واں سالانہ اجلاس عام

جانانہ دی مالوچو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ
حبیب آباد، کوہاٹ

# جانانہ دی مالوچو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

## اطلاع برائے 63 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا 63 واں سالانہ اجلاس عام (AGM)، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، حبیب آباد، کوہاٹ پر درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے بروز سوموار 23 اکتوبر 2023ء کو صبح 11:45 بجے منعقد ہوگا۔

**عام امور:**

**1**۔ 22 جون **2023** کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

**2**۔ 30 جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات معہ اُن پر چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس پر غور وخوض اور منظوری دینا۔

جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، **2017** کے سیکشن **223** کے تحت اور **S.R.O. 389(I)/2023** مورخہ **21** مارچ **2023** کی ضروریات کے مطابق ضروری ہے کہ، کمپنی کے سالانہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیے گئے ہیں، جنہیں درج ذیل لنک اور **QR** فعال کوڈ کا استعمال کرتے ہوئے ملاحظہ/ ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

ویب لنک: **https://jdm.com.pk/Products/Gallery/invinfdocen370.pdf**

**3**۔ مالی سال **2023-24** کے لئے قانونی آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا۔ ریٹائرڈ ہونے والے آڈیٹرز میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، لاہور اہل ہونے کی بناء پر دوبارہ تقرری کے لئے خود کو پیش کرتے ہیں۔

**خصوصی امور:**

**4**۔ غور وخوض اور اگر بہتر خیال کیا گیا تو، درج ذیل قراردادوں کو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر بطور خصوصی قراردادیں پاس کرنا:-

" قرار پایا کہ **30** جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ کمپنیوں / متعلقہ فریقوں کے ساتھ کاروبار کے معمول کے دوران کیے گئے لین دین، جیسا کہ **30** جون **2023** کو ختم ہونے والے سال کے مالیاتی حسابات کے نوٹ **43** میں ظاہر کیا گیا ہے، اس کی توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے۔"

" قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر مشترکہ طور پر **30** جون **2024** ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ کمپنیوں/ متعلقہ فریقوں کے ساتھ کئے گئے تمام لین دین کو منظور کرنے اور کاروبار کے معمول کے مطابق کرنے کے مجاز ہیں اور اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر مشترکہ طور پر کوئی بھی اور تمام ضروری کارروائی کرنے اور اس سلسلے میں درکار کسی بھی اور ایسے تمام دستاویزات پر کمپنی کی جانب سے دستخط/عمل درآمد کرنے کے مجاز ہیں۔"

کمپنیز ایکٹ **2017** کے سیکشن **134(3)** کے تحت مادی حقائق کا بیان جو خصوصی امور سے متعلق اوپر بیان کیا گیا ہے اس نوٹس اجلاس کے ساتھ منسلک ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے۔

**کوئی دیگر امور:**

**5**۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کارروائی کرنا۔

کوہاٹ

**2** اکتوبر **2023**ء

بحکم بورڈ

عابد رضا

کمپنی سیکرٹری

**نوٹ:**

**1**۔ کمپنی کے ممبران کا رجسٹر **16** اکتوبر **2023**ء تا **23** اکتوبر **2023**ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ منتقلیاں کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے دفتر، میسرز وژن کنسلٹنگ لمیٹڈ، **5-C** ایل ڈی اے فلیٹس، پہلی منزل، لارنس روڈ، لاہور میں **14** اکتوبر **2023**ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی ٹرانسفریز کے نام میں رجسٹریشن اور **AGM** میں شرکت اور ووٹنگ کے مقصد کے لئے بروقت تصور ہونگی۔

**2**۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مستحق کوئی ممبر اپنی بجائے شرکت اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر ممبر کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ باقاعدہ مکمل شدہ پراکسی فارم اجلاس کے وقت سے کم ازکم **48** گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں لازماً وصول ہوجانی چاہئیں۔ بینیفشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول، پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہونگی۔ کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، بورڈ کی قرارداد/ مختارنامہ معہ پراکسی ہولڈر کے دستخط پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی میں جمع کرانا ہوگا۔

**3**۔ سی۔ڈی۔سی کا کوئی انفرادی بینفشل مالک جو اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہو کو اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنا **CNIC** یا پاسپورٹ لازماً ہمراہ لانا چاہئے، اور پراکسی کی صورت میں اپنے **CNIC** یا پاسپورٹ کی مصدقہ کاپی لازماً لف کرنی چاہئے۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندہ کو اس مقصد کے لئے نمونہ دستخط کے ساتھ بورڈ کی قرارداد / مختارنامہ اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف

پاکستان (SECP) کے جاری شدہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 کے تحت درکار تمام ایسے دستاویزات کی مصدقہ نقول فراہم کرنی چاہئیں۔

4۔ ایکٹ کے سیکشن 134 کی پرویژنز کے مطابق، اگر کمپنی 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ارکان جو جغرافیائی محل وقوع میں رہائش پذیر ہوں سے وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضامندی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے وصول کرتی ہے تو، کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔

5۔SECP نے 15 فروری 2021 کے سرکلر نمبر 4 آف 2021 کے ذریعے اراکین کو الیکٹرانک ذرائع سے شرکت فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ AGM میں شرکت کے خواہشمند ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، اپنے نام پر رکھے گئے حصص کی تعداد، سیل نمبر، CNIC نمبر (CNIC کے دونوں اطراف کی مؤثر کاپی کے ساتھ) موضوع "AGM میں شرکت کے لیے رجسٹریشن" کے ساتھ "janana.textile@gmail.com" پر ای میل کریں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی اسناد صرف ان ممبروں کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز، تمام مطلوبہ تفصیلات پر مشتمل، 21 اکتوبر 2023 کو کاروباری اوقات کے اختتام پر (شام 5 بجے تک) موصول ہوں گی۔

**6۔ الیکٹرانک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ:**

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 اور 2022/(1)2192 SRO مورخہ 5 دسمبر 2022 کی رُو سے ہونے والی ترامیم کے تحت، اراکین کو اجلاس میں، مذکورہ ضوابط میں بیان کردہ شرائط کے مطابق خصوصی امور کے لیے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ کمپنی اپنے اراکین کو ووٹنگ کے لیے درج ذیل آپشن فراہم کرے گی:

i۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

a۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبروں کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے 14 اکتوبر 2023 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں کارآمد CNIC نمبر، سیل نمبر، اور ای میل ایڈریس دستیاب ہوں گے۔

b۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائے گا۔ سیکیورٹی کوڈ ممبران کو ویژن کنسلٹنگ لمیٹڈ کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے بتائے جائیں گے۔

c۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

d۔ اراکین 19 اکتوبر 2023 صبح 9:00 بجے (PST) سے 22 اکتوبر 2023 شام 5:00 بجے (PST) تک کسی بھی وقت آن لائن ووٹ ڈالیں گے۔ ووٹنگ 22 اکتوبر 2023 کو شام 5:00 بجے بند ہوگی۔ ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا گیا، تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ii۔ پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کا طریقہ کار:

a۔ اراکین متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اراکین کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.jdm.com.pk پر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے مقررہ وقت کے اندر دستیاب ہوں گے۔

b۔ اراکین کو یقینی بنانا چاہیے کہ صحیح طریقے سے پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، حبیب آباد، کوہاٹ، یا janana.textile@gmail.com پر ای میل کے ذریعے AGM سے ایک دن پہلے، یعنی 22 اکتوبر 2023 کو شام 05:00 بجے سے پہلے پہنچ جانا چاہئے۔ اس وقت/تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہوں گے۔

7۔ ارکان سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں کسی تبدیلی، اگر کوئی ہو، فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

8۔ اگر کسی ممبر کی طرف سے درخواست کی گئی تو کمپنی مکمل مالیاتی حسابات کی ہارڈ کاپی ایک ہفتے کے اندر اسکے رجسٹرڈ پتے پر بھیجے گی۔

9۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)72 کے مطابق، ارکان کو جتنا جلدی ممکن ہو سکے اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنے اور سی ڈی سی کے ہاں اپنے ناموں کو رجسٹرڈ کروانے کی درخواست کی جاتی ہے۔

## خصوصی امور کے حوالے سے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان:

بیان ہذا 23 اکتوبر 2023 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرتا ہے۔

## نوٹس کا آئٹم نمبر 04 (خصوصی امور کے طور پر پاس کی گئی 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے سال کے دوران کئے گئے لین دین کی منظوری)

30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ کیے گئے لین دین کو خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کیا گیا۔ ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں (متعلقہ فریقین) کے ساتھ معمول کے کاروبار میں کیے گئے لین دین کو سہ ماہی بنیادوں پر آڈٹ کمیٹی کی سفارش کے مطابق بورڈ نے منظور کیا۔

چونکہ ڈائریکٹرز کی اکثریت ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں میں ان کی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور شیئرز ہولڈنگ کی وجہ سے ان لین دین میں دلچسپی رکھتی تھی، اس لئے ان لین دین کو اجلاس عام میں ارکان کی طرف سے منظور کیا جانا ہے۔

ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں اور فریقوں کے ساتھ 30 جون 2023 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کیے گئے لین دین جیسا کہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کے متعلقہ نوٹس میں ظاہر کیا گیا ہے، ممبران کے سامنے ان کے غور وخوض اور منظوری/توثیق کے لیے پیش کیا جا رہا ہے۔

درج ذیل ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنے تعلقات، مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں میں اپنی شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں:

1۔ لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) علی قلی خان خٹک

2۔ جناب احمد قلی خان خٹک

3۔ جناب گوہر ایوب خان

4۔ مسز شہناز سجاد احمد

5۔ ڈاکٹر شاہین قلی خان خٹک

لہذا کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 208 کے تقاضوں کی تعمیل کے مطابق اراکین کی منظوری درکار ہے۔

30 جون 2024 کو ختم ہونے والے آئندہ سال کے دوران ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ کئے جانے والے لین دین کے لئے چیف ایگزیکٹو اور چیف فنانشل آفیسر کو مشترکہ طور پر بااختیار بنانے کے لئے خصوصی قرارداد کے طور پر منظوری دی جائے گی۔

کمپنی، ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ کاروبار کے معمول کے مطابق لین دین کرے گی۔ ڈائریکٹرز اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں میں شیئر ہولڈنگ کی وجہ سے ان لین دین میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس لیے ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ اس طرح کے لین دین کی شیئر ہولڈرز سے منظوری لینا ضروری ہے۔

ممبران، چیف ایگزیکٹو اور چیف فنانشل آفیسر کو مشترکہ طور پر 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے آئندہ سال کے دوران ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ کئے گئے لین دین کی منظوری دینے اور کاروبار کے معمول کے مطابق کرنے کا اختیار دیتے ہیں۔

درج ذیل ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اپنے تعلقات، مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں میں اپنی شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں:

1۔ لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) علی قلی خان خٹک

2۔ جناب احمد قلی خان خٹک

3۔ جناب گوہر ایوب خان

4۔ مسز شہناز سجاد احمد

5۔ ڈاکٹر شاہین قلی خان خٹک

# پراکسی فارم

## جانانہ دی مالوچو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

میں/ہم-------------------------------- ساکن----------------------------------

بحیثیت ممبر جانانہ دی مالوچو ٹیکسٹائل ملز لمیٹیڈ---------------------------------(شیئرز کی تعداد)

رجسٹر کا فولیو نمبر------------اور/یاسی ڈی سی فولیو کا آئی ڈی نمبر------------اور ذیلی اکاؤنٹ نمبر------------

مسمی/مسماۃ--------------------------ساکن------------------------------------کو

**کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام میں جو کہ 23 اکتوبر 2023 بروز سوموار صبح 11:45 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، حبیب آباد، کوہاٹ میں منعقد ہوگا، میری/ہماری طرف سے** بحیثیت اپنا پراکسی، ووٹ دینے کے لئے مقرر کرتا ہوں/ کرتے ہیں۔

**بتاریخ----------2023 کو درج ذیل گواہان کی موجودگی میں دستخط کیے۔**

گواہان:

**1۔** دستخط--------------------------------

نام------------------------------------

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر-----------------

پتہ:------------------------------------

------------------------------------

--------------------------------

دستخط حصص داران

(دستخط کا کمپنی میں رجسٹرڈ نمونے کے ہو بہو مطابق ہونا ضروری ہے)

پچاس روپے کی
ریونیو سٹیمپ لگائیں

**2۔** دستخط--------------------------------

نام------------------------------------

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر-----------------

پتہ------------------------------------

------------------------------------

نوٹ:

1. **اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مستحق کوئی رکن اپنی بجائے شرکت اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر رکن کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کے لئے رکن ہونا لازمی ہے۔**
2. **ایک رکن ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا حقدار نہیں ہوگا۔**
3. **پراکسی فارم کی تقرری کے لئے دو افراد کے دستخط اور گواہی کا ہونا ضروری ہے، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔**
4. **بینیفیشل آنرز کو کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی تصدیق شدہ کاپیاں یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت ثابت کرنا ہوگی۔ بصورت کارپوریٹ اینٹٹی، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ معہ نامزد کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کرنا ہونگے۔**
5. **پراکسی کو فعال بنانے کے لئے نامزدگی کا فارم میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو موصول ہو جانا چاہیے۔**
6. **اجلاس میں شرکت کے لئے پراکسی ہولڈر اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔**